URDU

Leicester City Council

# بچوں کے تحفظ کی کانفرنس

## والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے ایک رہنمائی

# Child Protection Conference

## A guide for Parents and Carers

## چائلڈ پروٹیکشن ( بچوں کے تحفظ ) کانفرنس کیا ہے؟

چائلڈ پروٹیکشن کانفرنس ایک میٹنگ ہے جو تبادلہ خیال کے لیے منعقد کی جاتی ہے کہ کیا اچھا چل رہا ہے اور ہم کس بات سے متعلقہ فکر مند ہیں اور یہ فیصلہ کرنے کے لیے کہ آگے کیا ہونا چاہیے۔
**کانفرنس صرف یہ فیصلہ کر سکتی ہے** کہ اگرچہ آپ کا بچہ / بچوں کو چائلڈ پروٹیکشن پلان ( بچے کے تحفظ کے متعلقہ بنایا گیا منصوبہ ) کا حصہ بنایا جائے یا نہیں۔

## میٹنگ میں کون کون ہوگا؟

تقریباً ہمیشہ ہی والدین کو اپنے بچے کے بارے میں چائلڈ پروٹیکشن کانفرنس میں مدعو کیا جاتا ہے، بیشک وہ اب ایک ساتھ نہ بھی رہ رہے ہوں۔ آپ کے بچے کا سوشل ورکر ( سماجی خدمت سرانجام دینے والا کارکن ) ہمیشہ چائلڈ پروٹیکشن کانفرنس میں شرکت کرے گا۔

دوسرے لوگ جن کو مدعو کیا جا سکتا ہے ان میں شامل ہیں :

- استاد
- ہیلتھ ورکرز جیسے ہیلتھ وزیٹر، سکول نرس، جی پی، ہسپتال کا ڈاکٹر وغیرہ
- پولیس
- پروبیشن یا یوتھ آفینڈنگ آفیسر
- آپ کے بچے کی زندگی میں دوسرے اہم لوگ جیسے کنکشن ایڈوائزر، یوتھ ورکر وغیرہ

کانفرنس میں شرکت کے لیے مدعو کیے گئے ہر فرد کو رپورٹ لکھنے کو کہا جائے گا۔

## کیا میں اپنے ساتھ کسی کو لا سکتا ہوں؟

اگر آپ چاہیں تو آپ اپنے ساتھ کسی دوست، خاندان کے کسی رکن، رشتہ دار یا وکیل کو معاونت کے لیے لا سکتے ہیں، لیکن یہ ضروری ہے کہ انہیں یہ سمجھ ہو کہ وہ اپنی رائے اس وقت تک نہیں دے سکتے جب تک کہ ان سے پوچھا نہ جائے۔

اگر آپ کو کسی مترجم یا سائنر ( انگد ستی ترجمان ) کی ضرورت ہو تو آپ کے بچے کا سوشل ورکر کسی مناسب شخص کو مدعو کرنے کا انتظام کرے گا۔

## اگر میں شرکت نہ کر سکا تو کیا ہوگا؟

ہم ہمیشہ کانفرنسوں کا اہتمام ایسے وقت میں کرنے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں جو والدین کے لیے موزوں ہو کیونکہ آپ کے خیالات بہت اہمیت رکھتے ہیں۔ میٹنگ میں موجود لوگ آپ کی اور آپ کے بچے کی مدد کے لیے موجود ہوتے ہیں اور انہیں یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ آپ کے لیے کیا مفید ہوگا۔

آپ کے بچے کا سوشل ورکر ٹرانسپورٹ یا چائلڈ کیئر جیسے عملی انتظامات کرنے میں مدد کریں گے تاکہ آپ کانفرنس میں حاضر ہو سکیں۔

اگر آپ کو محسوس ہو کہ آپ کانفرنس میں نہیں آ سکتے چونکہ اس سے آپ یا آپ کے بچوں کے لیے خطرہ بڑھ سکتا ہے، تو ہم اس بات کی تسلی کریں گے کہ ایسے طریقہ کار پر غور کیا جاسکے تاکہ ہر شخص محفوظ طریقے سے اپنی رائے دے سکے۔ اگر آپ کو کانفرنس میں شرکت کے خیال سے بے حد دقت پیش آ رہی ہو تو آپ کانفرنس میں موجود لوگوں کو اپنی رائے کے بارے میں آگاہ کرنے کیلئے دوسرے طریقوں سے اپنے بچے کے سوشل ورکر کو آگاہ کرنے کے لئے کہہ سکتے ہیں۔

**<u>ایک چائلڈ ان نیڈ پلان</u>** ( ایک منصوبہ جسے بچے کی ضروریات کے مطابق تیار کیا جاتا ہے)

بعض اوقات چائلڈ پروٹیکشن کانفرنس کے ممبران یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ اگرچہ آپ کے بچے کو شدید نقصان کا خطرہ تو نہیں ہے اور آپ کے بچے کو چائلڈ پروٹیکشن پلان کی ضرورت نہیں ہے۔

ہو سکتا ہے کہ آپ اور آپ کے خاندان کو کچھ مدد اور معاونت کی ضرورت ہو اگرچہ کہ آپ کو نقصان کا خطرہ نہیں ہے۔ جب ایسا ہوتا ہے تو کانفرنس کے اراکین **<u>چائلڈ ان نیڈ پلان کی</u>** تجویز پیش کرتے ہیں۔

اگر میں فیصلے سے متفق نہیں ہوں تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کانفرنس کے فیصلے سے ناخوش ہیں، تو آپ کو اپیل کرنے کا حق ہے، اور چیئرپرسن اس بات کی وضاحت کر سکتے ہیں کہ ایسا کیسے کیا جائے۔

اگر آپ کانفرنس کے انعقاد کے طریقہ کار یا اس میں شامل کسی کارکن کے طرز عمل کے بارے میں شکایت یا تبصرہ کرنا چاہتے ہیں، تو آپ شکایات اور تبصروں کے کتابچے کے لیے درخواست کر سکتے ہیں جس میں تفصیلات فراہم کی جاتی ہیں کہ کیا کیا جا سکتا ہے۔

**<u>اگر میں فیصلے سے متفق نہیں ہوں تو کیا ہوگا؟</u>**

اگر آپ کانفرنس کے فیصلے سے ناخوش ہیں، تو آپ کو اپیل کرنے کا حق ہے، اور چیئرپرسن اس بات کی وضاحت کر سکتے ہیں کہ ایسا کیسے کیا جائے۔

اگر آپ کانفرنس کے انعقاد کے طریقہ کار یا اس میں شامل کسی کارکن کے طرز عمل کے بارے میں شکایت یا تبصرہ کرنا چاہتے ہیں، تو آپ شکایات اور تبصروں کے کتابچے کے لیے درخواست کر سکتے ہیں جس میں تفصیلات فراہم کی جاتی ہیں کہ کیا کیا جا سکتا ہے۔

**<u>چائلڈ پروٹیکشن پلان</u>**

اگر یہ فیصلہ کیا جاتا ہے کہ چائلڈ پروٹیکشن پلان کی ضرورت ہے، تو پلان میں درج ہوگا:

- بچوں کی سماجی نگہداشت اور دیگر تمام ایجنسیوں کو آپ کے بچے اور آپ کے خاندان کی مدد کے لیے کیا کرنا چاہیے۔
- آپ اور آپ کا خاندان صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے کیا کر سکتے ہیں۔
- یہ کہ چیئرپرسن اس بات تسلی کریں گے کی ہر شخص کو علم ہو کہ ان سے کیا توقع کی جا رہی ہے۔

کن اشخاص کو علم ہوگا کہ اگرچہ میرا بچہ چائلڈ پروٹیکشن پلان پر ہے؟

رازداری بہت اہمیت رکھتی ہے اور کانفرنس کا چیئرپرسن موجودہ لوگوں کو اس سے متعلقہ یاددہانی کرائیں گے۔ ہم اس بات کو یقینی بنانے کا بے حد خیال رکھتے ہیں کہ صرف انہی لوگوں کو معلومات فراہم کی جائیں جنہیں جاننے کی ضرورت ہے، تاکہ وہ آپ اور آپ کے بچے کی مدد کرسکیں،

## آئندہ کیا ہوگا؟

اگر چائلڈ پروٹیکشن پلان بنایا جاتا ہے تو ایک لوگوں کا گروپ آپ سے ملاقات کرے گا، جسے کور گروپ کہا جاتا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ ہر شخص ایک ہی کام کر رہا ہے جس کا اس پلان میں اتفاق کیا گیا ہے اور یہ کہ آپ کا بچہ محفوظ ہے اور اس کی مناسب دیکھ بھال کی جارہی ہے۔ تین ماہ کے بعد یہ دیکھنے کے لیے ایک اور کانفرنس منعقد کی جائے گی کہا اگرچہ آپ کے بچے کو ابھی بھی پروٹیکشن پلان کی ضرورت ہے یا نہیں اور اگر ہے تو کیا اس میں تبدیلی کرنے کی ضرورت ہے۔

چاہے آپ شرکت کریں یا نہ کریں آپ کو کانفرنس کا تحریری ریکارڈ دیا جائے گا۔ میٹنگ کے بعد کیے گئے فیصلوں سے متعلق آپ کے بچے کا سوشل ورکر جلد از جلد آپ کے ساتھ بات کریں گے۔

## کیا میرا بچہ وہاں موجود ہوگا؟

آپ کے بچے/بچوں کے سوشل ورکر اس بات پر غور کریں گے کہ آپ کے بچے کے لیے کانفرنس میں شرکت کرنا کس طرح سے بہتر ہے۔ اگر وہ شرکت کرنا چاہتے ہیں اور ہم سب اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ ان کا وہاں ہونا مددگار ثابت ہوگا، تو انہیں میٹنگ کے تمام یا کچھ حصے میں شرکت کے لیے مدعو کیا جاسکتا ہے۔

## اجلاس چیئر کون کرے گا؟

میٹنگ کی چیئر ایک غیر جانبدار چیئرپرسن کریں گے جنہوں نے چائلڈ پروٹیکشن کی تحقیقات میں یا اس میں ملوث عملے کے انتظام میں کوئی حصہ نہیں لیا ہوگا۔ میٹنگ سے پہلے چیئرپرسن آپ سے رابطہ کریں گے، وہ بتائیں گے کہ میٹنگ کیسے چلے گی اور آپ کے کسی بھی اُٹھنے والے سوالات یا خدشات کا جواب دیں گے۔

## یہ کب تک چلے گی؟

یہ کہنا مشکل ہے کہ ہر میٹنگ کتنی دیر تک چلے گی لیکن ابتدائی (پہلی) کانفرنس تقریباً ڈیڑھ سے 2 گھنٹے تک جاری رہنے کا امکان ہوتا ہے۔ نظرثانی کیلئے منعقد کانفرنسیں عام طور پر مختصر ہوتی ہیں۔

## میٹنگ میں کیا ہوتا ہے؟

چائلڈ پروٹیکشن کانفرنس ایک طے شدہ ایجنڈے کی پیروی کرے گی تاکہ سب کو واضح ہو جائے کہ :

- الزامات، واقعات یا خدشات جن کی وجہ سے تحقیقات ہوئیں۔
- جو تحقیقات کی گئی ہیں اور وہ کیا ظاہر کرتی ہیں۔
- مزید کوئی معلومات
- آپ کے بچے کے لیے خطرے کی نوعیت

چیئرپرسن بمعہ آپ سب کو بات کرنے اور سوالات پوچھنے کا موقع دیں گے۔ آپ کو آپ کے بارے میں کہی جانے والی کسی بھی بات کے بارے میں اپنا نقطہ نظر پیش کرنے کا موقع دیا جائے گا۔ کانفرنس کے دوران کچھ مخصوص چیزیں جن کے بارے میں بات ہو سکتی ہے جو کسی وجوہات کی بنا پر خفیہ ہیں۔ ان اوقات میں آپ کو اور آپ کے معاون کو کمرے سے چلے جانے کے لیے کہا جائے گا، اگر ایسا ہونے کا امکان ہوتا ہے تو عام طور پر چیئرپرسن آپ کو پیشگی مطلع کر دیں گے۔

## چائلڈ پروٹیکشن کانفرنس کیا فیصلہ کر سکتی ہے؟

چائلڈ پروٹیکشن کانفرنس کے ممبران فیصلہ کریں گے کہ اگرچہ آپ کے بچے کو شدید نقصان کا خطرہ ہے اور یہ کہ ان کے پاس 'ملٹی ایجنسی چائلڈ پروٹیکشن پلان' ہونا چاہیے یا نہیں۔

کانفرنس کا چیئرپرسن اس بات کا فیصلہ کریں گے کہ اگرچہ نقصان کے خطرے کو 'جسمانی زیادتی، جنسی زیادتی، جذباتی زیادتی، یا نظرانداز کرنے' کا نام دیا جانا چاہیے۔ اگر کانفرنس فیصلہ کرتی ہے کہ آپ کے بچے کو پروٹیکشن پلان کی ضرورت نہیں ہے تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ آپ اور آپ کا بچہ کچھ ایسی اضافی معاونت سے مستفید ہو سکتے ہیں جسے چائلڈ ان نیڈ پلان کے نام سے جانا جاتا ہے۔

## چائلڈ پروٹیکشن پلان کیا ہے؟

اگر چائلڈ پروٹیکشن کانفرنس کے ممبران یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ کے بچے کو نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے، تو وہ ایک پروٹیکشن پلان بنانا شروع کر دیں گے جو اس بات کا تعین کرے گا کہ ان کی محفوظ اور مناسب دیکھ بھال کو یقینی بنانے کے لیے کیا ضروری ہے۔

# چائلڈ پروٹیکشن کانفرنسوں کا ایجنڈا۔

- تعارف، مقصد اور معذرت
- میٹنگ کی وجہ
- خطرے کا بیان اور حفاظت کا مقصد
- نیٹ ورک کے سوالات ( جینو گرام بھی شامل ہو )
- نقشہ سازی: ( ہم کس چیز کے بارے میں فکر مند ہیں، کیا اچھا چل رہا ہے، حفاظت اور پیچیدہ عوامل )
- بچوں کے تحفظ کے منصوبے اور کور گروپ کے کام کی نظر ثانی۔ اگر یہ نظر ثانی کانفرنس ہے۔
- رازداری ملاقات یا تو میٹنگ کے آغاز میں یا جزوی طور پر۔
- درجہ بندی (اسکیلنگ)۔
- آئندہ کیا ہونے کی ضرورت ہے۔
- اخذ نتائج ( بوٹم لائنز)
- ٹائم لائنز۔
- منصوبہ میں کون ملوث ہے
- تحفظ کا منصوبہ/ منصوبے کے قواعد
- ہنگامی منصوبہ بندی
- اندراج اور منصوبے کا مظاہرہ
- تحفظ کے مقاصد کا منصوبہ
- فیصلہ اور زمرہ
- کور گروپ کے اراکین
- نظر ثانی کے لئے میٹنگ کا وقت، تاریخ اور مقام۔